Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۱ } مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۶ صفر ۱۳۵۶ھ مطابق ۸ مئی ۱۹۳۷ء { جلد ۲۰

حصہ دوم

احکام عالی مرتبت منسٹر صاحبان وسکریٹری صاحبان بہادر

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

توضیح
یکم مئی ۱۹۳۵ء

شقہ تحریر صاحب ملٹری سکریٹری بہادر ورود
منظوری توسیع ایک سال فی الحال بمدت
ملازمت حکیم محمد ابراہیم صاحب اخلاقی پیشکار
دفتر خود لحاظ مستعدی و ہوشیاری بکار رہنے

حکم

حسب تحریر صاحب ملٹری سکریٹری بہادر منشی ابراہیم صاحب
پیشکار کی ملازمت میں حسب دفعہ ۱۸ قانون پنشن تاریخ اختتام
سے آخر اپریل ۱۹۳۵ء تک ایک سال کی توسیع کیا جانا منظور
ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل
برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس عالیمرتبت جناب ریونیو منسٹر بہادر

پنشن

۲۰ اپریل سنہ ۱۹۳۵ء

مشمولہ رپورٹ ڈائرکٹر صاحب بارہ صدور حکم منظوری مستقل پنشن سیدن الی رجسٹرار قانونگوی تحصیل شاہ آباد۔

حکم

سیدن الی کی مستقل پنشن تعدادی ۱۳ روپیہ پانچ آنہ یکم مئی سنہ ۱۹۳۵ء سے منظور کیجاتی ہے صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور بعد اجرائے حکم کاغذات فائنانس ڈپارٹمنٹ کو بھیجدیئے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت جناب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۲۹ اپریل سنہ ۱۹۳۵ء

مشمولہ رپورٹ ڈائرکٹر صاحب زراعت دربارہ منظوری رخصت ایکماہ بوضع نصف تنخواہ ۱۶ مارچ لغایتہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۳۵ء منشی عنایت حسین گرداور قانونگوی سوار بوجہ علالت۔

حکم

حسب سفارش ناظم صاحب شمالی منشی عنایت حسین گرداور قانونگوی تحصیل سوار کی رخصت مزید ایکماہ ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۳۵ء سے ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۳۵ء تک بوضع نصف تنخواہ منظور ہے احکام جاری ہوں۔ للتا پرشاد پٹواری نے جو بعوض کام کیا ہے اسکے الاؤنس کے بارہ میں علیحدہ رپورٹ بھیجی جائے احکام جاری ہوں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

پنشن

یکم مئی سنہ ۱۹۳۵ء

مشمولہ رپورٹ ناظم صاحب شمالی دربارہ صدور حکم منظوری مستقل پنشن لکھپت رائے سیاہہ نویس تحصیل سوار۔

حکم

لکھپت رائے کی مستقل پنشن تعدادی ۱۱ روپیہ یکم مئی سنہ ۱۹۳۵ء سے منظور کیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعدازاں کاغذ فائنانس ڈپارٹمنٹ کو بھیجدیئے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

۵ مئی سنہ ۱۹۳۵ء

منشی بھگوتی پرشاد اسسٹنٹ کلرک ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ میں ۲۰ روپیہ ماہوار تنخواہ پاتے ہیں کام کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے اس آسامی کی تنخواہ ۲۵ روپیہ ماہوار بجٹ سنہ ۳۶-۱۹۳۵ء میں منظور ہوئی ہے اور ۲۰ روپیہ ماہوار کی آسامی تخفیف کردیگئی ہے۔ لہذا حسب تجویز بجٹ یکم مئی سنہ ۱۹۳۵ء سے منشی بھگوتی پرشاد کا تقرر بشاہرہ ۲۵ روپیہ ماہوار بعہدہ اسسٹنٹ کلرک ڈیولپمنٹ وانڈسٹریز ڈپارٹمنٹ منظور ہے۔

بحیثیت فائنانس منسٹر بہادر ہم کو اس تقرر سے اتفاق ہے

لہذا حکم ہوا کہ

صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر انچارج ڈیولپمنٹ انڈسٹریز

احکام اجلاس عالیمرتبت جناب صاحب آرمی منسٹر بہادر

رخصت

یکم مئی ۱۹۳۷ء

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری معروضہ یکم مئی ۱۹۳۷ء جمعدار کوارٹر ماسٹر سمیع اللہ خانصاحب رجمنٹ مذکور کو رخصت دو یوم یوم استعفا دوسرے برائے جانے کوہ گوڑا کمال بوجہ ہونے برادر حقیقی دیجانا منظور ہے بریگیڈ آرڈر جاری ہو ایک نقل درج گزٹ کے واسطے مطبع بھیجی جاوے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر

رخصت

۴ مئی ۱۹۳۷ء

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری معروضہ ۴ مئی ۱۹۳۷ء جمعدار رام پرشاد صاحب کمپنی ۵ رجمنٹ مذکور کو رخصت اتفاقیہ دو یوم من ابتدائے ۶ لغایت ۷ مئی ۱۹۳۷ء بنابر شرکت شادی ہمشیرہ برائے جانے موضع گوگی ضلع بریلی دیجانا منظور ہے۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت جناب فائنانس منسٹر بہادر

رخصت

یکم مئی ۱۹۳۷ء

مسعودہ رپورٹ سپرنٹنڈنٹ آڈٹ دربارہ منظوری رخصت رعایتی بصورت خانگی دو ہفتہ منشی احسان باقی ناظر آڈٹ مشاہرہ تیس ۳۰ روپیہ بغرض انصرام شادی پسر خود بمقام حیدرآباد دکن۔ بدیں صراحت کہ ان کے کام کے ہدایت علیخاں و منہاج الدین ہر دو پیشہ اپرنٹس ذمہ دار رہیں گے۔

حکم

بموجب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب آڈٹ ناظر کی رخصت رعایتی دو ہفتہ یوم استعفاء سے بصورت بوجہ نہ گذرنے مدت چھ ماہ سابقہ رخصت رعایتی بذمہ داری ہدایت علیخاں منظور ہے۔ منہاج الدین اکاؤنٹنٹ کے پاس مامور ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ صاحب دوسرے اہلکار کو مامور کرکے کام لیں۔ سررشتہ احکام جاری ہوں۔

دستخط عالیمرتبت جناب فائنانس منسٹر بہادر

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

مستقلی

یکم مئی ۱۹۳۷ء

منشی فضیلت شاہ خانصاحب سب انسپکٹر پولیس انچارج پولیس سٹیشن گنج کو یکم مئی ۱۹۳۷ء سے بعہدہ سب انسپکٹر گریڈ اول مستقل کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ اجرا ہوں درج آرڈر بک خاص ہو۔
ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

تبادلہ جات

۳ مئی ۱۹۳۷ء

تاریخ امروزہ سے مندرجہ ذیل تبادلے کئے جاتے منظور ہیں۔

(۱) سب انسپکٹر منشی مقبول احمد خاں صاحب متعلقہ عارضی تھانہ بلاسپور بطور عارضی تھانہ ملک بکار افسر دوم تبدیل و تعینات ہوں۔

(۲) منشی ناظم مرزا صاحب سب انسپکٹر دوم تھانہ ملک سے بکار افسر دوم تھانہ گنج تبدیل و تعینات ہوں۔

(۳) منشی علاؤالدین خانصاحب سب انسپکٹر دوم تھانہ گنج سے بکار افسر دوم تھانہ ملک تبدیل و تعینات ہوں۔

حکم

احکام اجرا ہوں درج آرڈر بک خاص ہو۔
ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

تبادلہ جات

۹ مئی ۱۹۳۷ء

بنظر مناسب مندرجہ ذیل تبادلہ جات سب انسپکٹران کئے جاتے ہیں۔ افسران بترتیب ذیل یکے بعد دیگرے ۹ مئی ۱۹۳۷ء تک تبادلہ چارج کرائیں۔

(۱) منشی مہر ل سنگھ صاحب سب انسپکٹر انچارج تھانہ شاہ آباد سے بکار انچارج تھانہ گنج۔

(۲) منشی فضیلت شاہ خانصاحب سب انسپکٹر انچارج تھانہ گنج سے بکار انچارج کوتوالی۔

(۳) سید خورشید علی صاحب سب انسپکٹر انچارج کوتوالی بکار انچارج تھانہ شاہ آباد۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ سرکار عالی

فہرست مقدمات پیشی جن کی پیشی من ابتدائے ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۳۷ء لغایۃ ۶ رمئی سنہ ۱۹۳۷ء عدالت ہائی کورٹ ہوئی برغرض اشاعت گزٹ بلدہ

سرکاری گورنمنٹ — ۶ رمئی سنہ ۱۹۳۷ء

دستخط ایکٹنگ رجسٹرار عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۳۰ اپریل سنہ ۳۷ء	جمعہ	تعطیل جمعہ	.	.	.
یکم مئی سنہ ۱۹۳۷ء	شنبہ	اجلاس عالیمرتبت مسٹر جسٹس [illegible] صاحب بہادر	سرکار عالی بنام اودل وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۲۹۵	آج بحث سماعت ہوئی مقدمہ ۵ رمئی کو پیش ہو۔
〃	〃	〃	حفیظ اللہ بنام متن لال وغیرہ	ابتدائے دیوانی بدعوئے فک رہن مکان	تا منزدگی سرپنچ کیلئے مقدمہ ۳ رمئی کو پیش ہو
〃	〃	〃	متن لال بنام حفیظ اللہ	〃 بدعوئے واپسی خرچ	ایضاً
۲ رمئی سنہ ۳۷ء	یکشنبہ	تعطیل چہلم شہداء کربلا	.	.	.
۳ رمئی سنہ ۱۹۳۷ء	دوشنبہ	اجلاس عالیمرتبت مسٹر جسٹس محمود نواز خاں صاحب بہادر	سرکار عالی بنام احسن خاں	ابتدائے سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	وکیل سٹیٹ ایڈوکیٹ نے بیان کیا کہ دو گواہ ثبوت ابھی نہیں آئے مقدمہ تیار نہیں ہو سکتا [illegible] لہذا مقدمہ ۱۰ رمئی کو پیش ہو۔
〃	〃	〃	حفیظ اللہ بنام متن لال	ابتدائے دیوانی بدعوئے فک رہن مکان	تا منزدگی سرپنچ کیلئے وکلا نے مہلت چاہی جو منظور ہوئی مقدمہ ۱۰ رمئی کو پیش ہو۔
〃	〃	〃	متن لال بنام حفیظ اللہ	〃 بدعوئے واپسی خرچ	ایضاً
۵ رمئی سنہ ۱۹۳۷ء	چہارشنبہ	اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر وعالیمرتبت جناب مسٹر جسٹس محمود نواز خاں صاحب بہادر	عبدالرزاق بنام عبدالحسین	نگرانی فوجداری ازدیاد سزا بجرم دفعہ ۳۵۲ ت	بروقت پیشی وکیل سرکار نے کہا کہ اس مقدمہ کے متعلق مقدمہ میں اپیل برأت دائر کیا جائیگا لہذا یہ مقدمہ ملتوی ہوکر بتاریخ ۱۹ رمئی کو پیش ہو۔
〃	〃	〃	عبدالحسین بنام عبدالرزاق	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۵۲	ایضاً
〃	〃	اجلاس عالیمرتبت مسٹر جسٹس محمود نواز خاں صاحب بہادر	سرکار عالی بنام اودل وغیرہ	ابتدائے سیشن بجرم دفعہ ۲۹۵ ت	اودل - بیوی - گنگارام - مان سنگھ - ادم خاں [illegible] حاضر۔ ثبوت جرم دفعہ ۲۹۵ ت ثابت [illegible] ہوں اور محمد اسحاق ملزم بعدم ثبوت بری ہے۔
〃	〃	〃	محمد یونس خاں بنام مساۃ [illegible] بیگم	اپیل دیوانی بدعوئے تقسیم مکان	وکیل اپیلانٹ کی طبیعت خراب ہے لہذا مقدمہ [illegible] مئی کو پیش ہو۔
۶ رمئی سنہ ۱۹۳۷ء	پنجشنبہ		سرکار عالی بنام عبدالمجید وغیرہ	ابتدائے سیشن بجرم دفعہ ۲۹۵	آج ایک کس گواہ ثبوت دو کس [illegible] کے بیانات قلمبند ہوئے مقدمہ ۱۰ رمئی کو پیش ہو۔
〃	〃	اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	سرکار عالی بنام ڈاکٹر ایس این داسلی	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۲۷ ت	فریق ثانی نے مہلت چاہی لہذا مقدمہ ۱۵ رمئی کو پیش ہو۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری دربار

تبادلہ و معطلی

۴ مئی ۱۹۳۷ء

سید قاسم رضا ضلعدار پرگنہ حضور تحصیل کو اجلاس عالی سے ... وار تبدیل فرمایا گیا ہے اور بجائے اونکے بشارت حسین ضلعدار ... متعلق حکم ہو کہ نظامت جنوبی میں کوئی جگہ ضلعداری کی تجویز ... کے رپورٹ پیش کیجائے۔ لہذا میری رائے میں حسب ذیل انتظام ہونا چاہیئے۔ سید قاسم رضا ضلعدار تحصیل سوار ... تبدیل ہو چکے ہیں۔ بشارت حسین ضلعدار کو علاقہ چھتونی تحصیل شاہ آباد پر تبدیل فرمایا جائے اور عظمت اللہ خاں ضلعدار علاقہ چھتونی کو علاقہ جولپور تحصیل حضور پر تبدیل فرمایا جائے۔ جنگ بہادر ضلعدار علاقہ جولپور پرگنہ حضور تحصیل کو بوجہ ... وصول و نااہلی ہونیکے معطل فرمایا جائے جس کے متعلق تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کی رپورٹ ۲ مئی ۱۹۳۷ء خرابی ... نااہلی قابل غور ہے جنگ بہادر کے متعلق حکم میں یہ صراحت ... کی جائے کہ وہ بنابر جوابدہی حاضر نظامت جنوبی ہو تاکہ اون کے متعلق آئندہ کارروائی عمل میں آئے ضلعداران مبدلہ ... اپنی تنخواہیں پائینگے کاغذات بغرض صدور حکم بخدمت نائب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر پیش ہوں۔ ۴ مئی ۱۹۳۷ء

دستخط ایڈیشنل ناظم صاحب

انتظام مندرجہ منظور ہو۔ ایڈیشنل ناظم صاحب حسب تجویز خود کارروائی ... عمل میں لائیں ۴ مئی ۱۹۳۷ء (دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر)

... ضروری صدور احکام ضابطہ جاری ہوں ۴ مئی ۱۹۳۷ء ... برائے احکام شامل مسل ہو۔ تاریخ دستخط صدور

دستخط ایڈیشنل ناظم صاحب

احکام اجلاس صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

رخصت

۳ مئی ۱۹۳۷ء

مسنتہ عرضی منشی مبین الحسن ٹائپسٹ کمیٹی وضع قوانین بابت عطاء رخصت رعایتی آٹھ یوم بسلسلہ سابقہ بوجہ علالت از ۲۸ اپریل ۱۹۳۷ء مع ... ۱۹۳۷ء مشعر تصدیق فارفنانس سکریٹری آڈٹ بابت استحقاق رخصت حسب ضابطہ

حکم

حسب تصدیق استحقاق رخصت فنانس آفس رخصت رعایتی مطلوبہ مزید آٹھ یوم بسلسلہ سابقہ بوجہ بقاعدہ علالت عرضیگذار منظور ہے۔ مسررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

رخصت

۵ مئی ۱۹۳۷ء

حسب تصدیق استحقاق رخصت فنانس ڈیپارٹمنٹ رخصت علالت مطلوبہ پانچ ماہ من ابتداء ۱۹ دسمبر ۱۹۳۶ء لغایتہ ۱۰ مئی ۱۹۳۷ء بوضع نصف تنخواہ بیچا خاں اسٹور کیپر اسٹیٹ پریس مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کو دیا جانا منظور ہے۔ مسررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر و صاحب ہاؤس ہولڈ سکرٹری بہادر

ہدایت

یکم مئی ۱۹۳۶ء

بجٹ سال ۱۹۳۶ء پاس ہو چکا ہے۔ جملہ صیغہ داران و افسران کو اسکا لحاظ رکھنا چاہیئے کہ مصارف زائد از رقم منظور شدہ نہ ہوں امسال کسی قسم کی منتقلی یا توسیع کی کارروائی نہیں کیجائے گی۔

(۳) امسال جو جو کام کرنا ہوں اون کی مفصل فہرست اور تخمینہ ۱۰ مئی ۱۹۳۵ء تک اجلاس میں پیش ہو جانا چاہیئے۔ اور یہ بھی صراحت کیجائے کہ کیا کیا سامان کس کس وقت درکار ہوگا۔ تاکہ اوسکا لحاظ رکھتے ہوئے فراہمی سامان وغیرہ کی کارروائی کیجائے۔

(۴) فراشخانہ و کوٹھیات کے بجٹ میں مصارف کو بیات وغیرہ بھی شامل ہیں۔ لہذا اس امر کی ضرورت ہے کہ ہر دو کارخانہ جات ہر کوٹھی کی ضروریات کا لحاظ رکھتے ہوئے جداگانہ تخمینہ پیش کریں تاکہ صحیح طور پر اندازہ ہو سکے کہ کس مقام کے مصارف کیا ہیں۔ ابتک یہ ہوتا رہا ہے کہ مشترکہ مصارف کئے گئے ہیں جس سے صحیح اندازہ نہیں کیا جا سکتا

(۴) باورچیخانہ جات مہمانداری کے حسابات وغیرہ و رجسٹر اسٹاک کی حالت قابل اطمینان نہیں ہے۔ اس صیغہ کو خاص طور پر لازم ہے کہ درستی کرے اور امسال بجٹ منظور شدہ سے زائد رقم ملنے کی توقع نہ کرے رقم منظور شدہ کو ماہانہ طور پر تقسیم کرے اور روزانہ اسکا اندراج رجسٹر موجودات کارخانہ و اجلاس میں کیا جائے اگر اوسط سے مصارف زائد ہوئے تو منصرمان و تحویلداران وغیرہ ذمہ دار ہوں گے۔ ہیڈ کلرک کو اس کا لحاظ چاہیئے کہ مصارف کم ہوں۔ باورچیخانہ میں یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ شراب وغیرہ جو مال سرکار کے ہاں سے حسابات میں درج ہوتا ہے انکی قیمت تحریر نہیں کیجاتی لیکن آیندہ اسکی قیمت بھی درج ہونا چاہیئے تاکہ صحیح طور پر یہ اندازہ ہو سکے کہ مصارف یومیہ فی مہمان کس قدر ہوئے۔ ہر مہمان سے سگریٹ و شراب اور سوڈا لمنیڈ وغیرہ کی تصدیق کرائی جائے اگر ایسا نہیں ہوا تو حساب کی مجرائی میں دشواری ہوگی۔

(۵) رجسٹران اسٹاک کا ہم کو ملاحظہ کرایا جائے اور آیندہ جس قدر بھی آمد و روانگی سامان ہو اوس پر منصرمان یا افسران صیغہ روزانہ تصدیق و دستخط کیا کریں اگر ایسا نہیں ہوا تو سخت بازپرس ہوگی۔

(۶) اکثر یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ مصارف بغیر منظوری کر لئے جاتے ہیں۔ یا بوجہ عجلت زبانی احکام کی تعمیل میں صرف کئے جاتے ہیں لیکن اون کی منظوری ضابطہ یا تصفیہ نرخ وغیرہ کی کارروائی بجائے فوری ہونے کے عرصہ تک نہیں ہوتی ہے۔ یہ طریقہ نہایت ناجائز ہے۔ آیندہ اگر ایسا ہوا تو سخت بازپرس ہوگی۔ بغرض اجرائے احکام مثل سر رشتہ صدر کو مرسلہ۔ ایک ایک نقل صیغہ جات ماتحت کو اور ایک نقل مطبع کو بغرض اندراج گزٹ مرسلہ۔

دستخط صاحب پرائیویٹ سکرٹری و صاحب ہاؤس ہولڈ سکرٹری بہادر

تقرر

۲ مئی ۱۹۳۶ء

ایک آسامی صیغہ باغات میں تحویلدار بمشاہرہ پندرہ روپیہ [illegible] رہی ہے۔ روپ کشور داروغہ تخفیف شدہ محکمہ باغات [illegible] اور محنتی اور تجربہ کار ہے۔ حساب و کتاب کے کام [illegible] بخوبی واقف ہے۔ لہذا یکم مئی ۱۹۳۶ء سے نامبردہ [illegible] بمشاہرہ پندرہ روپیہ کیا جاتا منظور ہے۔ یہ جملہ [illegible] بات کا ذمہ دار ہوگا۔ بغرض اجرائے احکام سررشتہ [illegible] کو رسیلو۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر

تقرر

۳ اپریل ۱۹۳۶ء

آفس اسٹاف باغات میں ایک آسامی انگلش [illegible] پچیس روپیہ ماہوار کی منظور رہی ہے۔ ذاکر علی خاں [illegible] رامپوری کی درخواست منسلک ہے۔ [illegible] [illegible] گذشتہ میں رامپور ہائی اسکول سے میٹرک پاس [illegible] کیا ہے۔ اور اسی سال شارٹ ہینڈ و ٹائپ کا امتحان [illegible] وکٹری اسکول سے پاس کیا ہے۔ ریاست کے [illegible] رہتا ہے۔ لہذا ذاکر علیخاں کا تقرر بتنخواہ [illegible] ماہوار انگلش آفس اسٹاف باغات پر امتحاناً [illegible] تین ماہ منظور کیا جاتا ہے بسروس سلکشن بورڈ [illegible] ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

یکم مئی ۱۹۳۶ء

مصدورہ درخواست و نقشہ رخصت رعائتی پندرہ یوم مسمی انوار حسین خاں اہلمد اکونٹ سیکشن بمشاہرہ دار بیس روپیہ از یوم استغفا دہ بغرض معالجہ اہلیہ خود بمقام دہلی مع تحریر سپرنٹنڈنٹ صاحب اکاؤنٹ خزانہ بسفارش منظوری رخصت مطلوبہ و انتظام کام رخصتی بزمانہ رخصت۔

حکم

منشی نند کشور اردو دفتری کو واپس خزانہ کیا جا چکا ہے۔ لہذا انوار حسین خاں کی پندرہ دن کی رخصت رعائتی یوم استغفادہ سے منظور ہو۔ منشی محمد عنبر خاں ایام رخصت میں بنشن مدیر کی تقسیم کا کام انجام دیں سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔ دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

بحکم اسٹیٹ کونسل بہادر الملازمت کورس خزانہ کی مد ملازمت عارضی میں بمشاہرہ پچیس روپیہ ۱۲ فروری سے ۳۱ مارچ ۱۹۳۶ء تک ترتیب منظور ہو چکی ہے جگہ پر مرزا حبیب حسن بیگ نے کام کیا ہے۔ ۱۲ فروری ۱۹۳۶ء سے ۳۱ مارچ ۱۹۳۶ء تک کی تنخواہ ایام کارکردگی دلایا جانا منظور ہے۔

بجٹ ۳۷-۱۹۳۶ء میں ایک آسامی اسسٹنٹ کلرک بنابر معاونت نوٹس بمشاہرہ پچیس روپیہ منظور ہو چکی ہے۔ اس جگہ پر مرزا حبیب حسن بیگ کا تقرر جو اس جگہ پر بدستور کام کر رہا ہے۔ یکم اپریل ۱۹۳۶ء سے منظور کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں ۲ مئی ۱۹۳۶ء

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل

استعفاء

یکم مئی ۱۹۳۷ء

کپتان جیلر صاحب زندان نے اپنی رپورٹ میں تحریر کیا ہے کہ شرافت اللہ خاں محرر خوراک ۱۷ اپریل ۱۹۳۷ء سے رخصت اتفاقیہ پر معہ واری محرر وی صیغہ جیل سے گیا ہوا تھا۔ ۲۰ اپریل ۱۹۳۷ء کو نامبردہ نے بذریعہ ڈاک استعفا پیش کیا جب سفارش کپتان جیلر صاحب زندان اُن کو موقع دیا کہ وہ حاضر ہو کر اپنا کار متعلقہ انجام دے لیکن ۳۰ اپریل ۱۹۳۷ء تک نامبردہ حاضر نہیں ہوا۔ چونکہ مطابق صیغہ مال میں خزانہ صدر میں مبلغ چھ روپیہ دس آنہ نو پائی خزانہ صدر سے وضع ہو کر بقیہ رقم گیارہ روپیہ پانچ آنہ تین پائی صیغہ جیل پر برآمد ہو کر تنخواہ آ گئی تھی۔ ۱۷ اپریل ۱۹۳۷ء سے ۳۰ اپریل ۱۹۳۷ء غیر حاضری متصور ہو گی۔ بقیہ رقم گیارہ روپیہ پانچ آنہ تین پائی داخل بنک کر دیئے جاویں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب رپورٹ کپتان جیلر صاحب زندان یکم مئی ۱۹۳۷ء سے شرافت اللہ خاں محرر خوراک کا استعفا منظور کیا جاتا ہے۔ کاغذات ہذا بغرض اجراء احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل

اعلان

صیغہ جیل پر شرافت اللہ خاں محرر خوراک مشاہرہ بیس روپیہ ماہوار کی جگہ خالی ہے۔ امیدواران وتخفیف شدہ ملازمان باشندہ ریاست رامپور کو اطلاع دیجاتی ہے کہ ۱۴ مئی ۱۹۳۷ء تک درخواستیں دفتر جیل میں پیش کریں۔ اس جگہ پر انگریزی دان ملازم رکھا جائے گا۔ اور جو شخص اس کا اہل ثابت ہوگا۔ اوسکو جگہ دی جائے گی

حکم

اعلان ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

۴ مئی ۱۹۳۷ء

دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل

احکام ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

منظوری استعفا

۰ مئی ۱۹۳۶ء

درخواست گنور سین کامدار شعبہ کشند لی بدیں خلاصہ کہ یا تو کامدار مذکور کو اس جگہ سے دوسرے سیڈ گودام پر منتقل نہ کیا جاوے۔ یا اسکا استعفا منظور کر لیا جائے ملاحظہ ہوئی۔ چونکہ ہماری رائے میں گنور سین کامدار کا تبادلہ سررشتہ انتظاماً ضروری ہے لہذا حسب درخواست گنور سین کا استعفا از ۱۶ مئی ۱۹۳۶ء منظور ہے۔ بغرض اجرائے احکام ضابطہ واندراج گزٹ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر محکمہ

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

پروگرام دورہ وٹنری انسپکٹر صاحب

[illegible] مئی ۱۹۳۶ء	ٹانڈہ خاص
[illegible] "	سوار خاص
[illegible] "	روانا بجوتیا
۱۰ "	کوٹلہ۔
[illegible] "	لواکھیڑا
[illegible] "	پوائی
[illegible] "	دھموره
[illegible] "	ریوڑی
[illegible] "	مدکر اور بشکر گنج
[illegible] "	ملک۔
[illegible] "	بلاسپور۔

جملہ تحصیلدار صاحبان براہ کرم اپنے اپنے حلقہ میں شہر کرادیں تاکہ پبلک زیادہ فائدہ اٹھا سکے۔ بغرض اندراج گزٹ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر محکمہ مطلع ہو ۱۹۳۶ء

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت۔

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ اول ماہ مئی ۱۹۳۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ سیر ۱۰ سیر		۱۱ سیر	۱۱ سیر	۱۱ سیر	۱۰ سیر	تحصیل شاہ آباد کا نقشہ نہیں آیا ہے
نخود خالص	۱۵ سیر / ۱۵ سیر		۱۵ سیر	۱۴ سیر	۱۵ سیر	۱۶ سیر	
نخود کسا آمیز	۱۵ سیر / ۱۶ سیر		۱۶ سیر	۱۷ سیر	۱۶ سیر	۱۷ سیر	
کنگنی	۱۶ سیر / ۱۶ سیر		۱۸ سیر	۱۸ سیر	۱۸ سیر	۱۸ سیر	
ماش	۹ سیر / ۹ سیر		۹ سیر	۸ سیر	۸ سیر	۹ سیر	
مونگ	۷ سیر / ۹ سیر		۰	۸ سیر	۹ سیر	۹ سیر	
مکا	۰		۱۲ سیر	۱۰ سیر	۱۲ سیر	۰	
جئی	۱۷ سیر / ۱۷ سیر		۱۷ سیر	۲۰ سیر	۲۰ سیر	۲۰ سیر	
گوجئی	۰		۱۴ سیر	۰	۱۴ سیر	۱۷ سیر	
عدس	۱۳ سیر / ۱۳ سیر		۰	۱۵ سیر	۱۳ سیر	۱۲ سیر	
ارہر	۱۰ سیر / ۱۲ سیر		۱۳ سیر	۱۲ سیر	۱۱ سیر	۱۲ سیر	
برنج	۷ سیر / ۸ سیر		۷ سیر	۷ سیر	۸ سیر	۸ سیر	
روغن زرد	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	۱۲ / ۲ سیر		۲ سیر	۲ سیر	۲ سیر	۲ سیر	
روغن کنجد	۲ سیر / ۲ سیر		۱ سیر	۱ سیر	۲ سیر	۰	
نمک سانبھر	۱۱ سیر		۹ سیر	۹ سیر	۱۰ سیر	۹ سیر	
نمک لاہوری	۶ سیر		۷ سیر	۷ سیر	۰	۸ سیر	
قند سیاہ	۱۲ سیر / ۱۳ سیر		۱۲ سیر	۱۲ سیر	۱۳ سیر	۱۵ سیر	
	۰		۰	۰	۹ سیر	۰	

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)